## حصہ اول (Part-A)

i. حصہ اول میں جملہ 50 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے چار متبادل جوابات A,B,C,D حروف میں دیئے گئے ہیں۔آپ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرہ کو گہرا کیجیے ؟

1. ہندوستان میں 2011 کی مردم شماری کے مطابق کس ریاست میں سب سے زیادہ فیصد درجۂ فہرست قبیلوں (Schedule Tribe) کی آبادی ہے؟

(A) میزورم (Mizoram)　(B) گجرات (Gujarat)

(C) اڑیسہ (Odisha)　(D) مہاراشٹر (Maharashtra)

2. انڈیمان ونکوبار جزیروں (Andaman&NicobarIslands) کا کون سا قبیلہ منگول گروپ (Mongoloid Group) سے تعلق رکھتا ہے؟

(A) اونگے (Onge)　(B) جاروا (Jarawa)

(C) انڈیمانی (Andamanese)　(D) شومپن (Shompen)

3. ہندوستان میں رینگ (Reang) قبیلے کا تعلق کس ریاست سے ہے ؟

(A) تریپورہ (Tripura)　(B) راجستھان (Rajasthan)

(C) تامل ناڈو (Tamil Nadu)　(D) جھارکھنڈ (Jharkhand)

4. ہندوستان میں کُٹک (Kutuk) زبان کس قبیلے کے لوگ بولتے ہیں؟

(A) کُکی (Kuki)　(B) مُنڈے (Mundas)

(C) بھیل (Bhils)　(D) بھوٹے (Bhutias)

5. 'ہارن بل' (Hornbill) تہوار ہندوستان کی کس ریاست میں منایا جاتا ہے، جس میں سارے قبائیلی لوگ حصہ لیتے ہیں اور مختلف بازار لگاتے ہیں؟

(A) میگھالیہ　(B) ناگالینڈ

(C) میزورم　(D) منی پور

6. مندرجہ ذیل میں سے کثیر ازواج/کثیر شوہری (Polyandry) کا رواج کس قبیلے میں عام ہے؟

(A) کھاریاز (Kharias)　(B) مِشنگ (Mishing)

(C) ٹوڈے (Todas)　(D) جونسری (Jaunsari)

7. 2011ء کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان کی کس ریاست میں سب سے زیادہ درجہ فہرست ذاتوں(Schedule Caste) کی آبادی ہے؟

(A) پنجاب (B) اتر پردیش

(C) مہاراشٹر (D) بہار

8. مندرجہ ذیل میں سے کس ریاست میں درجہ فہرست ذاتوں (Scedule Caste) کی آبادی بالکل نہیں ہے ؟

(A) اترا کھنڈ (B) ہماچل پردیش

(C) اروناچل پردیش (D) جموں وکشمیر

9. ہندوستان کی لوک سبھا کے لیے کس ریاست میں سب سے زیادہ درجہ فہرست قبیلوں (Schedule Tribes) کی نشستیں مخصوص ہیں؟

(A) بہار (B) اتر پردیش

(C) مدھیہ پردیش (D) راجستھان

10. بدھ مت کی پہلی کونسل کس راجا کے زمانے میں منعقد ہوئی تھی؟

(A) بمبسار (Bimbisara) (B) اجتشترو (Ajatshatru)

(C) اشوک (Ashoka) (D) کنشک (Kanishka)

11. کس راجہ کو قدیم ہندوستان کا نپولین (Nepoleon) کہا جاتا تھا؟

(A) چندرگپت موریہ (Chandra Maurya) (B) پشپ مترا (Pushpamitra)

(C) کنشک (Kanishka) (D) سمدرگپت (Samudragupta)

12. ہندوستان میں دھات کے سکے کا استعمال پہلے کہاں ہوا تھا ؟

(A) مغربی بھارت میں (B) وسطی بھارت میں

(C) جنوبی بھارت میں (D) بہاراورمشرقی اتر پردیش میں

13. مندرجہ ذیل میں سے سب سے زیادہ ریشم پیدا کرنے والا شہر کونسا تھا ؟

(A) اجین (Ujjain) (B) بنارس (Varanasi)

(C) کوشمبی (Kaushambi) (D) ٹیکسلا (Taxila)

14. 'چارمینار' کس نے تعمیر کروایا ؟

(A) ابراہیم قطب شاہ (B) قلی قطب شاہ

(C) علی عادل شاہ (D) ابراہیم عادل شاہ۔ دوئم

15. آگرہ کا شہر 1504 میں کس نے بسایا؟

(A) رانا سانگا (B) ابراہیم لودھی

(C) فیروز تغلق (D) سکندر لودھی

16. ہندوستان کا سب سے پہلا مسلم حکمراں کون تھا؟

(A) محمد بن تغلق (B) قطب الدین ایبک

(C) محمود غزنوی (D) محمود غوری

17. کلہن کی لکھی ہوئی 'راج ترنگنی' کس جگہ کی تاریخ کو ظاہر کرتی ہے ؟

(A) گجرات (B) بنگال

(C) کشمیر (D) پنجاب

18. 'تحقیق ہند' مشہور علمی تصنیف کس نے قلمبند کی ہے؟

(A) بدایونی (B) نظام الدین احمد

(C) البیرونی (D) منہاج السراج

19. مندرجہ ذیل میں سے سب سے قدیم یادگار (Monument) کون سا ہے ؟

(A) اجنتا (B) قطب مینار

(C) تاج محل (D) کھجراہو

20. مندرجہ ذیل ممالک میں روپے کے سکے کہاں رائج ہیں؟

(A) بھوٹان (Bhutan) (B) ملیشیا (Malaysia)

(C) مالدیپ (Maldives) (D) سیچیلز (Seychelles)

21. 'اڑھائی دن کا جھونپڑا' قطب الدین ایبک نے کہاں بنوایا ؟

(A) دہلی (B) اجمیر

(C) بدایوں (D) آگرہ

22. 'بھکتی کی تحریک' کو سب سے پہلے کس نے منظم کیا تھا ؟

(A) رامانوجہ (B) کبیر

(C) رامانند (D) نانک

23. کس مغل بادشاہ نے ستی کی رسم کو ختم کرنے کی کوشش کی ؟

(A) اکبر (B) ہمایوں

(C) شاہ جہاں (D) اورنگ زیب

24. مندرجہ ذیل میں سے کس پیشوا کو 'نانا صاحب' کہتے تھے؟

(A) بالا جی وشوا ناتھ (B) باجی راؤ

(C) بالا جی باجی راؤ (D) مادھوراؤ۔اول

25. ٹیپو سلطان کی شہادت کس سنہ میں ہوئی تھی؟

(A) 1792ء (B) 1795ء

(C) 1799ء (D) 1805ء

26. 1857 عیسوی میں پہلی ہندوستانی یونیورسٹی کس جگہ قائم کی گئی تھی ؟

(A) مدراس (B) کولکاتا

(C) بنارس (D) بمبئی

27. جدوجہد آزادی کے زمانے میں کس نے دکن ایجوکیشنل سوسائٹی (Deccan Educational Society) قائم کی ؟

(A) بال گنگادھر تلک (B) دادابھائی نیروجی

(C) گوپال کرشن گوکھلے (D) ایم. جی رناڈے

28. مولانا ابوالکلام آزاد کون سا رسالہ نکالتے تھے؟

(A) الہلال (B) کامریڈ

(C) انڈین سوشیالوجسٹ (D) زمیندار

29. مہاتما گاندھی نے ہندوستان میں کس جگہ سے 'ستیہ گرہ' کا آغاز کیا؟

(A) احمدآباد (B) بردولی

(C) چمپارن (D) کھیڑا

30. انڈین نیشنل کانگریس کی پہلی خاتون صدر (President) کون تھی؟

(A) مسز اینی بیسنٹ (B) سوچیتا کرپلانی

(C) سروجنی نائیڈو (D) اندرا گاندھی

31. یوگا (Yoga) فلسفے کے بانی کون تھے ؟

(A) پتنجلی (Patanjali) (B) گوتم (Gautam)

(C) جیمنی (Jaimini) (D) شنکرآچاریہ (Shankaracharya)

32. ہندوستان میں کس بندرگاہ کو مغلوں کے زمانے میں 'باب المکہ' کہا جاتا تھا؟

(A) کالی کٹ (Calicut) (B) بھروچ (Bharuch)

(C) کیمبے (Cambay) (D) سورت (Surat)

33. مندرجہ ذیل میں سے سب سے پہلے کس نے اپنی شاعری میں اردو زبان کو شامل کیا ؟

(A) امیر خسرو (B) مرزا غالب

(C) بہادر شاہ ظفر (D) فیض احمد فیض

34. 23 جنوری کس کے یوم پیدائش کے طور پر منایا جاتا ہے ؟

(A) گروگوبندسنگھ
(B) سبھاش چندر بوس
(C) رابندر ناتھ ٹیگور
(D) چندرشیکھرآزاد

35. کھیلوں میں نمایاں کارکردگی کے لیےکون سا ایوارڈ دیا جاتا ہے ؟

(A) جمناداس بجاج ایوارڈ
(B) ارجن ایوارڈ
(C) ٹیگور ایوارڈ
(D) مورتی دیوی ایوارڈ

36. ہندوستان میں فلمی دنیا سے وابستہ پہلی خاتون کون تھی؟ جس کو راجیہ سبھا ممبر کے لیے نامزد کیا گیا۔

(A) نرگس دت
(B) شبانہ اعظمی
(C) مدھو بالا
(D) مینا کماری

37. ہندوستان میں قومی کمیشن برائے خواتین (National Commission for Women) کی سربراہ کون ہے ؟

(A) للتھا کمار منگلم
(B) گرجاویاس
(C) ممتا شرما
(D) نجمہ ہبت اللہ

38. مندرجہ ذیل ہمسایہ ممالک میں سے کس ملک کے ساتھ ہندوستان کی سب سے لمبی سرحد بنتی ہے ؟

(A) بنگلہ دیش
(B) چین
(C) نیپال
(D) پاکستان

39. آئین ہند کے مطابق لوک سبھا میں یونین ٹیریٹریز (Union Territories) کی زیادہ سے زیادہ تعداد کتنی ہونی چاہیے؟

(A) 10
(B) 15
(C) 20
(D) 25

40. ہندوستان میں ہائی کورٹ(High Court) سب سے پہلے کن ریاستوں میں قائم کیے گئے تھے ؟

(A) بمبئ، مدراس، کلکتہ
(B) بمبئ، دہلی، مدراس
(C) دہلی اور کلکتہ
(D) مدراس اور بمبئ

41. ہندوستان میں سب سے پہلے کس ریاست نے لوکا یُکت (Lokayukta) ادارے کی شروعات کی؟

(A) راجستھان
(B) مہاراشٹر
(C) بہار
(D) گجرات

42. مندرجہ ذیل میں سے ریاستی یونیورسٹیوں کے چانسلر (Chancellor) کون ہوتے ہیں ؟

(A) گورنر
(B) وزیراعلیٰ
(C) ہائی کورٹ کے چیف جسٹس
(D) صدرجمہوریہ

43. ہندوستان میں 'پہلے انگریزی اخبار' کا نام کیا تھا ؟

(A) بنگال گزٹ (The Bengal Gazette) (B) ہندو (The Hindu)

(C) ینگ انڈیا (Young India) (D) نیٹیو اوپی نین (Native Opinion)

44. انڈین نیشنل کانگریس کے پہلے مسلم صدر کون تھے ؟

(A) محمد علی جناح (B) بدرالدین طیب جی

(C) سر سید احمد خان (D) مولانا ابوالکلام آزاد

45. بابائے علمِ کمپیوٹر (Father of Computer Science) کن کو کہا جاتا ہے ؟

(A) الان تورنگ (Alan Turing) (B) آدم اوس بورن (Adam Osborne)

(C) جان مور (John Moore) (D) نیل سٹیفین سن (Neel Stephenson)

46. مندرجہ ذیل میں سے ہائی کورٹ کی پہلی خاتون چیف جسٹس ہونے کا شرف کس کو حاصل ہے ؟

(A) گیتا مکھرجی (B) لیلا سیٹھ

(C) سجاتا منوہر (D) رانی جیٹھ ملانی

47. وادی سندھ کی تہذیب کے لوگوں کا خاص پیشہ کیا تھا ؟

(A) زراعت (B) مویشی پالنا

(C) شکار کرنا (D) تجارت

48. ہندوستان میں آریہ سب سے پہلے کہاں بس گئے تھے ؟

(A) سندھ (B) گجرات

(C) جموں و کشمیر (D) پنجاب

49. مندرجہ ذیل میں سے کس ملک نے سب سے پہلے کاربن ٹیکس لاگو کیا ؟

(A) نیوزی لینڈ (B) ناروے

(C) اسرائیل (D) آسٹریلیا

50. انسان نے سب سے پہلے کس دھات کا استعمال کیا؟

(A) تانبا (B) چاندی

(C) پیتل (D) کانسا

## حصہ دوم (Part-B)

**ii. مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجیے ۔** (5x5=25)

1۔ ہندوستان میں سماجی اخراج (Social Exclusion) کا تاریخی پس منظر پیش کیجیے؟

2۔ شمولیتی پالیسیوں (Inclusive Policies) سے کیا مراد ہے ؟ ہندوستان میں سماجی اخراج کا تدارک کرنے کے لیے شمولیتی پالیسیوں کا جائزہ پیش کیجیے؟

3۔ ٹوڈے (Todas) اور سنتھالی (Santhalis) ہندوستان میں کہاں آباد ہیں اور کس طرح زندگی گزارتے ہیں؟ مفصل روشنی ڈالیے۔

4۔ آئین ہند میں اقلیتوں کا تصور کیا ہے؟ نیز اقلیتوں کے دفاع کے لیے جو اقدامات درج ہیں ان پر روشنی ڈالیے۔

5۔ کسی بھی سماج میں خواتین کی حیثیت (Status of Women) کو کیسے ناپا جاتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

6۔ ہندوستان میں دماغی طور پر کمزور (Mentally Challenged) لوگوں کی بازآبادکاری (Rehabilitation) کے لیے درپیش مسائل کا جائزہ لیجیے۔

7۔ ہندوستان میں پنچایتی راج سسٹم (Panchayati Raj System) میں خواتین کی شمولیت سے دیہاتی خواتین کی بااختیاریت (Empowerment) پر اثرات کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

8۔ ''ہندوستان میں خواندگی کی شرح میں خاطر خواہ اضافہ ہو رہا ہے لیکن تعلیمی ترقی میں کوئی نمایاں تبدیلی نظر نہیں آرہی ہے۔'' اس جملے کو مثالیں دے کر سمجھائیں۔